محبوب پروڈکشن کا نرالا شاہکار

अनोखी अदा

انوکھی ادا

سٹوری و گانے

اداکاران

نسیم ۔ سُریندر ۔ پریم ادیب

وغیرہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

— قیمت ایک آنہ —

سٹوری } کرفیو کے اندھیرے میں ایک نوجوان سڑک پر مست گاتا جا رہا تھا۔ اُس کو سپاہی نے روکا اور گھر جانے کو کہا۔ ایک دروازے کی آڑ لے کر وہ چھپ گیا گھر میں ایک لڑکی اور اُس کا چھوٹا بھائی باپ کے مر جانے کا ماتم کر رہے تھے۔ بنیاب بھائی بہن سے بھوک کی شکایت کر رہا تھا۔ نوجوان نے سب کچھ سنا۔ ایسی حالت میں کہیں سے روٹی لا دی۔ پکڑا گیا۔ مگر ایک معصوم بھرنے کے سلسلہ میں خوبصورت بہن کو اُس کی یہ انوکھی ادا بہت پسند آئی۔۔ آگے پردے پر دیکھئے۔

گانے **نمبر ۱**

منزل کی دھن میں جھومتے گاتے چلے چلو
بچھڑے ہوئے دلوں کو ملاتے چلے چلو
دو دن کی زندگی میں کوئی کیوں اُٹھائے غم
نغمے خوشی کے سب کو سناتے چلے چلو
انسانیت تو پیار و محبت کا نام ہے
انسانیت کی شان بڑھاتے چلے چلو
آزاد زندگی ہے برباد کیوں رہے
بربادیوں سے دل کو بچاتے چلے چلو۔ منزل کی ....

نمبر ۲

نظر مل گئی جانے کس کی نظر سے
دھڑکنے لگا دِل محبت کے ڈر سے

اُٹھی ہوک یوں آج پہلو میں جیسے
کوئی چیز ٹکرا گئی ہو جگر سے

کوئی جانے والے کی قسمت تو دیکھو ۔
مجھی کو چرا لے گیا میرے گھر سے

نمبر ۳

یہ پیار کی باتیں یہ سفر بھول نہ جانا
دِل چھین کے جاتے ہو کدھر بھول نہ جانا

جو دِل نے کیا دِل کو محبت کے حوالے
جو تیر چلایا ہے اِدھر بھول نہ جانا
ہم نے کسی امید پہ دِل تجھ کو دیا ہے۔
ارمان بھرے دِل سے تمہیں پیار کیا ہے ۔
دیکھو وہ محبت کی نظر بھول نہ جانا

نمبر ۴

بھول گئے کیوں دے کے سہارا لوٹنے والے چین ہمارا ۔
آ دکھ دِل مجبور ہے غم سے روٹھ گئی تقدیر بھی ہم سے
ڈوب گیا قسمت کا ستارا بھول گئے کیوں دے کے سہارا
ٹوٹ گیا دِل درد کا مارا ہائے یہ تجھ کو کس نے پکارا

تم نے روگ لیا دل کو نہ جانے بیٹھے بٹھائے کس کی صدا نے
ٹھیس لگا کر غم کو ابھارا۔ ہائے یہ ....
چاروں طرف طوفان ہے بھاری ڈل لگی ہے آس تمہاری
ناؤ بھنور میں دور کنارا۔ بھول گئے کیوں ....
آ کے ستایا دردِ جگر نے کوئی بتائے کس کی نظر نے
چھین لیا دل کر کے اشارہ۔ ہائے یہ ....

نمبر ۵

کیوں انہیں دل دیا ہائے یہ کیا کیا
شیشے کو پتھر سے ٹکرا دیا
جن کو آتا نہیں ہے وفا کا چلن اُن سے لگی ہے لگن
ٹھیس لگی ہے جس دم تو کہتا ہے من اُجڑے نہ دل کا چمن
پاس رہ کر سدا ہے وہ ہم سے جُدا
قسمت نے یہ دن دکھلایا کون بھولا آج یاد آگیا
وہ کس نے پھر دل کو تڑپا دیا
پھیرے دل میں جاگا محبت کا غم گھٹنے لگا میرا دم
کس نے رکھا میری زندگی میں قدم وہ کہاں
تو ہی اسے دل بتا کس نے دے کر صدا
آنکھوں کا پیمانہ چھلکا دیا۔ کون بھولا ہوا

نمبر ۶

کاہے جیا ڈولے کہا نہیں جائے۔
جمنا کے پار مورے پی کی نگریا۔ کیسے بتاؤں ہائے بالی عمریا
ہوک اُٹھے من میں تو رہا نہیں جائے
جوبن کا اُبھار مورے بچپن کا سنگنا
پی پی پپیہا بولے جب مورے انگنا
بول منوا سے بیری کا سہا نہیں جائے
اونچی اونچی لہروں میں رہا نہیں جائے
نمبر ۷

جلے نہ کیوں پروانہ۔ پروانہ
شمع دکھا کر حسن کے جلوے بنا دے جب دیوانہ
دل کی لگی کا نام ہے الفت اور الفت کا ہے یہ مطلب
چپکے چپکے دھیرے دھیرے ہنس ہنس کے مر جانا۔ جلے نہ....
جلنا ہے تو پھر جل جائے حسن کے سانچے میں ڈھل جائے
عشق میں دونوں ایک ہیں اب تو جینا یا مر جانا۔ جلے نہ....
نمبر ۸

آج کہاں جانے نظر ٹکرائی سوئے ہوئے دل میں خوشی کی لہر چھائی
دل میں کیوں ہوک اُٹھی نینوں میں کون آیا
بیتے دن یاد کر کس نے یہ گیت گایا باج اُٹھی من میں شہنائی
کیوں میرے بس میں نہیں ہائے کیا دل کو ہوا

آنکھوں کی نیند گئی لٹ گیا چین میرا
جیسے کوئی بھولی کہانی یاد آئی ۔ آج کہاں ۔۔۔۔۔۔

نمبر ۹

کبھی دِل دِل سے ٹکراتا تو ہو گا
اُنہیں میرا خیال آتا تو ہو گا
نہ رُکتے ہونگے جب آنکھوں میں آنسو
تو پیمانہ چھلک جاتا تو ہو گا
وہ پا لیتے تو ہونگے دِل پہ قابو
اُنہیں یہ بھی کماں آتا تو ہو گا ۔۔۔ کبھی دِل

نمبر ۱۰

دِل کو لگا کے ہم نے کچھ بھی نہ پایا چین گنوایا
غم کا فسانہ کیا سُنائیں کہنے نہ پائیں یہ بھی نہ سوچا ہائے بھول کے
جس بے وفا کو اپنا بنایا تھا وہ پرایا
آنکھوں نے دِل نے کھائے دھوکے چُپ ہوں رو کے
دُنیا بسی نہ ہائے پیار کی
بیٹھے بٹھائے روگ لگایا جی کو جلایا
دے کے سہارا مجھ کو جھوٹا تم نے لوٹا اپنی کہانی ہائے چھیڑ دی
میرا فسانہ یاد نہ آیا ہنسا کے رُلایا دِل کو

نمبر ۱۱

بڑے بھولے بھالے ہیں دِل لینے والے
زمانے نے انداز پائے نرالے۔ بڑے بھولے ....
کوئی کیسے پیارا اپنے دِل کو سنبھالے
نہ اتنا ستاؤ کہ دِل ٹوٹ جائے ہماری محبت کا دم چھوٹ جائے
کہیں پھوٹ جائیں نہ یہ دِل کے چھالے۔ بڑے بھولے ...
اداؤں میں شوخی نگاہوں میں مستی ستانے کو ہو جو ہستی
کوئی کیوں نہ پیارا اپنی ہستی مٹا لے۔ بڑے بھولے .....

نمبر ۱۲

بھولنے والے یاد نہ آ بھولنے والے یاد نہ آ
دیکھ ہمیں مجبور نہ کر تجھ کو قسم دُکھ دور نہ کر
ہم تو جئیں بس تیرے لئے تو نے کچھ ایسے رنج دیئے
ٹھیس لگی دِل ٹوٹ گیا۔ بھولنے والے ...
ہائے وفا ناکام ہوئی صبح کے بدلے شام ہوئی
پھول خوشی کے کھِل نہ سکے آنکھ ملی دِل مل نہ سکے
دیکھ لیا انجام وفا۔ بھولنے والے
دِل سے مٹا اُلفت کا نشان تجھ سے ہمارا پیار
پیار کا ناتا توڑ نہیں گیت ادھورا چھوڑ نہیں
میں بھی نہ گاؤں تو بھی نہ گا۔ بھولنے والے ....

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو مکمل ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں ایکٹنگ کیا ہے اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اور زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات۔ نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو اُن سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔ قیمت صرف دو روپے محصولڈاک معاف

عرفان موسیقی

علم موسیقی پر ایک نایاب کتاب

جس میں راگ راگنی کا بھید اور استاد صاحبان کے وہ راز سربستہ ہیں جو اہل ذوق صاحبان کو برسوں خدمت کرنے پر بھی معلوم نہیں ہوتے اِس کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوں گے۔ قیمت تین روپے محصولڈاک معاف:

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی